मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمانی ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی جامعہ
(این اے اے سی سے منظور شدہ ''اے'' گریڈ)

ڈاکٹر ایم اے سکندر
رجسٹرار

مسل نمبر: مانو/نظامتِ داخلہ/مسل 65/داخلے 19-2018/
7/جون 2018

اعلامیہ

مجلس تعلیمی (اے سی) نے اپنے 31ویں (ہنگامی) اجلاس منعقدہ 4/جون 2018 (بحوالہ قرارداد نمبر 31.4.02)، وائس چانسلر کی جانب سے یونیورسٹی کے کالجس/ادارہ جات میں مقامی طلبہ کی نمائندگی میں اضافہ کے لیے درکار اقدامات کا جائزہ لینے تشکیل کردہ کمیٹی کی سفارشات پر غور کیا۔ کمیٹی نے اس خیال کا اظہار کیا ہے کہ داخلوں میں انصاف اور تنوع کی برقراری کے لیے مقامی طلبہ کے ساتھ ترجیحی سلوک کی خاطر ضروری اقدامات کیے جانے چاہیے۔

مجلس تعلیمی نے یونیورسٹی کیمپس اور سٹیلائٹ کیمپسیس میں چلائے جارہے مختلف پروگرامس میں مقامی طلبہ کی کم نمائندگی کا جائزہ لیا۔ مجلس تعلیمی نے خیال ظاہر کیا کہ اس رجحان کے نتیجے میں طلبہ کا علاقائی تناسب متاثر ہوگا۔ مجلس تعلیمی نے غور وخوص کے بعد اس بات کا فیصلہ کیا اور منظوری دی کہ سال 19-2018 سے مندرجہ ذیل تعلیمی پروگراموں میں انٹرنس ٹسٹ کے لیے 'مقامی ریاست' کے طلبہ کو 10 فیصد زائد نشان (Weightage) دیے جائیں جو مجموعی منظورہ نشستوں کے 30 فیصد سے زائد نہ ہو۔

(i) ایم ایڈ، تمام سی ٹی ایز اور شعبۂ تعلیم وتربیت میں
(ii) بی ایڈ، تمام سی ٹی ایز اور شعبۂ تعلیم وتربیت میں
(iii) مانو پالی ٹیکنیکس کے تمام ڈپلوما انجینئرنگ میں

3. مجلس تعلیمی کی منظوری کے مطابق مذکورہ بالا رعایت مندرجہ ذیل شرائط کے تابع ہوگی:

(i) بالا زمرے کے تحت ایس سی/ایس ٹی/او بی سی/جسمانی معذور/خواتین کے لیے تحفظات کا اطلاق ہوگا۔
(ii) 'مقامی ریاست' کے مقصد کے تحت ایسے طلبہ جنہوں نے کسی ایسی ریاست میں جہاں یونیورسٹی کا ادارہ واقع ہو، کسی ادارے/یونیورسٹی یا ریاستی بورڈ یا این آئی او ایس اسٹڈی سنٹر سے اہلیتی امتحان کامیاب کیا ہو۔ ساتھ ہی متعلقہ پروگرام میں داخلے کے لیے مصرحہ دیگر شرائط کی تکمیل بھی ضروری ہے۔
(iii) 19-2018 کے داخلوں کی تکمیل کے بعد اس معاملے پر نظر ثانی کی جائے گی۔

4. مجلس تعلیمی کے مذکورہ بالا فیصلے کو ملحوظ رکھتے ہیں کنٹرولر امتحانات 26 اور 27/مئی 2018 کو منعقدہ بی ایڈ، ایم ایڈ اور ڈپلوما ان انجینئرنگ پروگرامس کے داخلہ امتحان میں شریک طلبہ کی میرٹ فہرست تیار کریں۔ مزید 'مقامی ریاست' زمرہ کے تعین کے لیے عبوری طور پر امیدوار کی جانب سے آن لائن درخواست میں 'ریاست سکونت' کے اندراج کو بنیاد مانا جائے گا۔ ان پروگراموں کے لیے دو زمروں 'کل ہند درجہ بندی' اور 'مقامی ریاست درجہ بندی' کے تحت میرٹ کی فہرست تیار کی جائے گی۔ نظامت داخلہ اسی اعتبار سے کونسلنگ کا اہتمام کرے گا۔ داخلہ امتحان منعقدہ 26 اور 27/مئی 2018 میں شریک تمام درخواست گزاروں کو اس اطلاع کی ایک نقل بھیجی جائے تاکہ وہ ''مقامی ریاست'' زمرے کی رعایت سے استفادہ کے لیے تمام متعلقہ ریکارڈ بشمول سکونت، اردو سے واقفیت وغیرہ کے ثبوت ساتھ لائیں۔

ایم اے سکندر
رجسٹرار

گچی باؤلی، حیدرآباد - 032 500، ریاست تلنگانہ
ٹیلی فون: 23006602 040 91 'فیکس 23006603' ای میل: registrar@manuu.edu.in
www.manuu.ac.in

Scanned by CamScanner

मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمانی ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی جامعہ
(این اے اے سی سے منظور شدہ ''اے'' گریڈ)

نقل برائے

1. ڈائرکٹر، نظامت برائے داخلہ، مانو
2. کنٹرولر امتحانات، مانو
3. ڈائرکٹر سی آئی ٹی
4. ڈین، اسکول برائے تعلیم و تربیت، مانو
5. صدور، اسکول برائے تعلیم و تربیت، مانو
6. ڈین، اسکول برائے سائنسز، مانو
7. ڈین، تعلیمات
8. پرنسپال، سی ٹی ایز
9. پرنسپال، پالی ٹیکنک حیدرآباد، بنگلور، دربھنگہ، کٹک اور کڑپہ
10. دفاتر وائس چانسلر پرو وائس چانسلر رجسٹرار
11. سی آئی ٹی، ویب سائٹ پر اپ لوڈ کے لیے
12. افسر تعلقاتِ عامہ و اردو آفیسر۔ اعلامیہ کے اردو ترجمہ اور طلبہ کی اطلاع کے لیے خبر کی اشاعت کے ذریعہ بڑے پیمانے پر تشہیر

گچی باؤلی، حیدرآباد - 032 500، ریاست تلنگانہ
ٹیلی فون: 23006602 040 91، فیکس 23006603، ای میل: registrar@manuu.edu.in
www.manuu.ac.in

Scanned by CamScanner